प्रश्न पुस्तिका क्रमांक / Question Booklet Serial No. 706- 0085040

विषय कोड :
Subject Code : **107/207/307/503**

# CLASS – XI
# ANNUAL EXAMINATION – 2026
# कक्षा – XI
# वार्षिक परीक्षा – 2026

## URDU (COMPULSORY)

### I.Sc., I.Com., I.A. & Voc.

कुल प्रश्न : 100 + 7 = 107
**Total Questions : 100 + 7 = 107**
(समय : 3 घंटे 15 मिनट)
[ Time : 3 Hours 15 Minutes ]

कुल मुद्रित पृष्ठ : 20
**Total Printed Pages : 20**
( पूर्णांक : 100)
[ Full Marks : 100]

---

***Instructions for the candidate :***

1. ***Candidate must enter his / her Question Booklet Serial No. (10 Digits) in the OMR Answer Sheet.***
2. *Candidates are required to give their answer in their own words as far as practicable.*
3. *Figures in the left hand margin indicate full marks.*
4. *15 minutes of extra time has been allotted for candidates to read the questions.*
5. *This question paper is divided into two Sections. **Section-A** and **Section-B**.*



CLASS-XI

6. *In **Section-A**, there are **100 objective type questions**, out of which **only 50 questions are to be answered**. If more than 50 questions are answered, then only first 50 will be evaluated. Each question carries **1 mark.** For answering these darken the circle with **blue/black ball pen** against the correct option on **OMR** Answer Sheet provided to you. **Do not use whitener/liquid/blade/nail etc. on OMR Answer sheet, otherewise the result will be treated invalid.***

7. *In **Section-B**, there are **7 short answer and long answer type questions.** Marks are indicated on left side against each questions.*

8. *Use of any electronic appliances is strictly prohibited.*

**ہدایات :**

1. **امیدواروں کو OMR جوابی پرچہ میں اپنا سوالیہ کتابچہ کا سیریل نمبر (10 ہندسوں میں) لکھنا ہوگا۔**

2. امیدواروں کے لیئے ضروری ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں جواب دیں۔

3. بائیں طرف حاشئے میں درج اعداد کل مارکس ظاہر کرتے ہیں۔

4. سوالات پڑھنے کے لیئے امیدواروں کو 15 منٹ کا اضافی وقت دیا گیا ہے۔

5. یہ سوال نامہ دو حصّوں پر مشتمل ہے۔ **سیکشن – A** اور **سیکشن – B**۔

6. **سیکشن – A میں 100 معروضی سوالات ہیں، ان میں سے صرف 50 سوالوں کا جواب دینا ہے۔ اگر 50 سے زائد سوالوں کے جواب دیے جائیں گے تو صرف پہلے 50 کو شمار کیا جائے گا۔ ہر ایک کے لیئے ایک نمبر مختص ہے۔ ان کا جواب دینے کے لیئے مہیا کئے گئے OMR جوابی شیٹ پر صحیح جواب کے سامنے نیلے/کالے بال پین سے دائرے کو بھریں۔ OMR جوابی شیٹ پر وائٹنر/سیال/بلیڈ/ناخن وغیرہ استعمال نہ کریں ورنہ آپ کا نتیجہ ناقابل قبول ہوگا۔**

7. **سیکشن – B میں 7 مختصر اور طویل جواب والے سوالات ہیں۔ ہر ایک سوال کے لیئے بائیں جانب مارکس** درج ہیں۔

8. کسی قسم کے الیکٹرانک آلات کا استعمال سختی سے ممنوع ہے۔

**SECTION - A**

درج ذیل معروضی سوالات میں سے پچاس کا صحیح جواب منتخب کریں۔ پچاس سے زیادہ جواب دینے پر شروع کے ہی 50 سوالات جانچ کئے جائیں گے : 50 × 1 = 50

1. مرزا غالب کی پیدائش کہاں ہوئی ؟

(A) آگرہ (B) الہ آباد

(C) لکھنؤ (D) دلّی

2. اشفاق اللہ خاں نے اپنی پھانسی کے کتنے دن پہلے اپنی ماں کے نام خط لکھا ؟

(A) چار دن (B) پانچ دن

(C) چھ دن (D) سات دن

3. اشفاق اللہ خاں نے مصیبت و آرام کو کس کی جانب سے تصور کیا ؟

(A) عوام کی جانب سے (B) شیطان کی جانب سے

(C) حالات کی جانب سے (D) اللہ کی جانب سے

4. شامل نصاب ''ہندو مسلمان ایک قوم ہیں'' کیا ہے ؟

(A) افسانہ (B) خاکہ

(C) خطبہ (D) مضمون

5. ''آثار الصنادید'' کس کی تحریر ہے ؟

(A) نظیر اکبر آبادی (B) الطاف حسین حالی

(C) سرسید احمد خاں (D) شاد عظیم آبادی

6. شامل نصاب ''روشنی'' کیا ہے ؟

(A) داستان (B) ناول

(C) افسانہ (D) ڈرامہ

7. ان میں سے کون سی کہانی پریم چند کی ہے ؟

(A) کھول دو (B) بابا نور

(C) کفن (D) گرم کوٹ

8. سید محمد محسن کس طرح کے افسانہ نگار تھے ؟

(A) نفسیاتی (B) واقعاتی

(C) رواجی (D) سماجی

9. افسانہ ''انوکھی مسکراہٹ'' کے مرکزی کردار کا نام کیا ہے ؟

(A) گورکن (B) جمنی

(C) حنیف (D) بھائی

10. ذیل میں کون سی تصنیف طارق چھتاری کی ہے ؟

(A) باغ بہشت (B) باغ و بہار

(C) باغ کا دروازہ (D) باغ نور

11. افسانہ ''گلوب'' کس نے لکھا ؟

(A) پریم چند (B) سید محمد محسن

(C) طارق چھتاری (D) غزال ضیغم

12. افسانہ ''خوشبو'' میں کس کی محبت کو اجاگر کیا گیا ہے ؟

(A) بھائی بہن کی محبت کو (B) پڑوسی کی محبت کو

(C) استاد کی محبت کو (D) شاگرد کی محبت کو

13. غزال ضیغم کا پہلا افسانوی مجموعہ کون ہے ؟

(A) نیک پروین (B) چراغ خانہ درویش

(C) ایک ٹکڑا دھوپ کا (D) ایک تھی سارا

14. تکشی شیوشنکر پلے کی کتاب کون سی ہے ؟

(A) چے مین آکشم　　(B) بالیان

(C) سورج　　(D) دامن

15. مصنف نے کتے کو مرکزی کردار کیوں بنایا ہے ؟

(A) بہادر ہونے کی وجہ کر　　(B) موٹا ہونے کی وجہ کر

(C) وفادار ہونے کی وجہ کر　　(D) محبت کی وجہ کر

16. سید حامد کی ایک تصنیف کا نام بتائیے۔

(A) قلم وقدم　　(B) چراغ خانہ

(C) درویش　　(D) سیلاب

17. شامل نصاب "شئے لطیف" کس صنف میں ہے ؟

(A) خاکہ　　(B) مضمون

(C) افسانہ　　(D) ناول

18. اردو کا پہلا ناول کسے قرار دیا گیا ؟

(A) مراۃ العروس　　(B) حاجی بغلول

(C) کایا پلٹ　　(D) میٹھی چھری

19. رشیدۃ النساء نے تعلیم نسواں کے فروغ کے لئے کس نام سے مدرسہ کھولا ؟

(A) مدرسہ نسواں　　(B) مدرسہ تعلی القرآن

(C) مدرسہ اسلامیہ　　(D) مدرسہ اصلاح النساء

20. اپنی ادبی زندگی کا آغاز غضنفر نے کس صنف سے کیا ؟

(A) افسانہ سے　　(B) قصیدہ سے

(C) ڈرامہ سے　　(D) ناول سے

21. شامل نصاب ناول "پانی" کس کی تخلیق ہے ؟

(A) نذیر احمد (B) پریم چند

(C) غضنفر (D) رشیدۃ النساء

22. انارکلی کی ماں سے اکبر کیا سلوک کرتا ہے ؟

(A) رحم کا (B) بے رحمی کا

(C) محبت کا (D) ادب کا

23. سید امتیاز علی تاج کہاں پیدا ہوئے ؟

(A) دہلی میں (B) لاہور میں

(C) لکھنؤ میں (D) کانپور میں

24. کلیم الدین احمد کی حیثیت کیا تھی ؟

(A) ناول نگار (B) افسانہ نگار

(C) ناقد (D) قصیدہ نگار

25. احمد جمال پاشا کس کالج میں لکچرر تھے ؟

(A) ذکیہ آفاق اسلامیہ کالج (B) سیوان کالج

(C) طبیہ کالج (D) غالب کالج

26. دہلی پر نادر شاہ کا حملہ کب ہوا ؟

(A) 1736ء (B) 1737ء

(C) 1738ء (D) 1739ء

27. نظیر اکبر آبادی کا مزار کس شہر میں ہے ؟

(A) آگرہ (B) دہلی

(C) کانپور (D) الہ آباد

28. حالی اور غالب کی ملاقات کہاں ہوئی ؟

(A) کلکتہ میں (B) دھنباد میں

(C) دہلی میں (D) کانپور میں

29. سرسید کی فرمائش پر حالی نے کون سی کتاب لکھی ؟

(A) یادگارِ غالب (B) حیاتِ سعدی

(C) مسدس حالی (D) حیاتِ جاوید

30. علامہ اقبال کی پیدائش کہاں ہوئی ؟

(A) لاہور (B) سیالکوٹ

(C) دہلی (D) کشمیر

31. نظم ''جاوید کے نام'' کس کی تخلیق ہے ؟

(A) علامہ اقبال (B) نظیر اکبرآبادی

(C) الطاف حسین حالی (D) آلوک دھنوا

32. نورِ چشم کس کو کہا جاتا ہے ؟

(A) بہن (B) چچا

(C) بھائی (D) بیٹا

33. نظم ''معرکہ جہیز و دین مہر'' میں شادی کا بھوت کس کے اوپر سوار تھا ؟

(A) دادا (B) چچا

(C) باپ (D) پھوپھا

34. شامل نصاب نظم ''سفیدرات'' کس کی نظم ہے ؟

(A) غالبؔ (B) اقبالؔ

(C) میرؔ (D) آلوک دھنوا

35. ''سفیدرات'' نظم کس زبان سے لی گئی ہے ؟

(A) اردو (B) ھندی

(C) انگلش (D) فارسی

36. عرب کے کس پھل کا تذکرہ نظم ''سفیدرات'' میں ہے ؟

(A) زیتون (B) انگور

(C) سیب (D) کھجور

37. میرؔ کے والد کا نام کیا ہے ؟

(A) محمد خلیل (B) محمد جلیل

(C) محمد وصی (D) محمد علی

38. میرؔ کے زمانے میں کس نے دہلی کو تباہ کیا ؟

(A) نادر شاہ (B) قادر شاہ

(C) صادق شاہ (D) تاجر شاہ

39. آتش کا پورا نام کیا ہے ؟

(A) خواجہ صفدر علی (B) خواجہ حیدر علی

(C) خواجہ مقدر علی (D) خواجہ برکت علی

40. آتش کا انتقال کہاں ہوا ؟

(A) لکھنؤ (B) کانپور

(C) علی گڑھ (D) دہلی

41. علم نجوم سے کس اردو شاعر کا تعلق رہا ؟

(A) میرؔ (B) آتشؔ

(C) مومنؔ (D) شادؔ

42. مومن کا خاندانی پیشہ کیا تھا ؟

(A) درس وتدریس (B) طبابت

(C) سپہ گری (D) تجارت

43. شادؔ کو خان بہادر کا خطاب کس سرکار نے دیا تھا ؟

(A) بھارت سرکار (B) انگریز سرکار

(C) مغلیہ سرکار (D) بہار سرکار

44. کلیم الدین احمد نے شادؔ کو کن شعراء کے ساتھ اردو غزل کی تثلیث میں شامل کیا ؟

(A) میرؔ اور غالبؔ (B) اقبالؔ اور غالبؔ

(C) آتشؔ اور غالبؔ (D) داغؔ اور غالبؔ

45. شادؔ عظیم آبادی نے تاریخ بہار کتنے جلدوں میں لکھی ہے ؟

(A) 4 (B) 5

(C) 3 (D) 2

46. مجموعہ "چراغ چشم تر" کس سال شائع ہوا ؟

(A) 1987ء (B) 1988ء

(C) 1989ء (D) 1990ء

47. "مرثیہ عارف" کس نے لکھا ؟

(A) اقبالؔ (B) غالبؔ

(C) شادؔ (D) میرؔ

48. لفظوں کی بھیگی آنکھیں کس کے لئے لکھی گئی ؟

(A) باپ کے لئے (B) دادا کے لئے

(C) بیٹے کے لئے (D) ماں کے لئے

49. مثنوی ''سحرالبیان'' کے شاعر کا نام بتائیے۔

(A) میر حسن (B) غلام حسین

(C) غلام محمد (D) خالق

50. میر حسن نے کس کی شاگردی اختیار کی ؟

(A) میر ضیاالدین (B) میر صباح الدین

(C) میر صلاح الدین (D) میر عمادالدین

51. مثنوی ''سحرالبیان'' میں بادشاہ کو کس بات کا غم تھا ؟

(A) بے اولاد ہونے کا غم (B) ملک کا غم

(C) عوام کا غم (D). حملہ کا غم

52. غزل کا پہلا شعر جس میں دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔اُسے کیا کہا جاتا ہے ؟

(A) مقطع (B) مطلع

(C) حسن مطلع (D) ان میں سے کوئی نہیں

53. جسم کی ضد کیا ہے ؟

(A) روحانی (B) ارواح

(C) روح (D) دماغ

54. کسی کی موت پر جو نظم کہی جاتے ہے،اُسے کیا کہتے ہیں ؟

(A) مثنوی (B) مرثیہ

(C) قصیدہ (D) غزل

55. غزل کس زبان کا لفظ ہے ؟

(A) فارسی (B) اردو

(C) عربی (D) ترکی



CLASS-XI

56. "مثلث" کے ہر بند میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں ؟

(A) چھ (B) چار

(C) آٹھ (D) تین

57. غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں ؟

(A) مقطع (B) مطلع

(C) حسن مطلع (D) قافیہ

58. غالب کب پیدا ہوئے ؟

(A) 1797ء (B) 1798ء

(C) 1799ء (D) 1800ء

59. غزل عربی کے کس صنف سے ماخوذ ہے ؟

(A) قصیدہ (B) نظم

(C) مرثیہ (D) مثنوی

60. درج ذیل میں کون سا لفظ مذکر ہے ؟

(A) افواہ (B) باغ

(C) اذان (D) بندوق

61. درج ذیل میں کون سا لفظ مونث ہے ؟

(A) بازار (B) اظہار

(C) پوشاک (D) اشارہ

62. خلوت کی ضد کیا ہوگی ؟

(A) رحمت (B) زحمت

(C) جلوت (D) ظاہر

63. شرم کا مترادف کیا ہوگا ؟

(A) بے شرم (B) حیا

(C) عزت (D) وفا

64. ''مرزا اسد اللہ خاں غالب'' میں غالب کیا ہے ؟

(A) لقب (B) عرف

(C) تخلص (D) خطاب

65. ''ناک میں دم کرنا'' کا مطلب کیا ہے ؟

(A) پریشان کرنا (B) بے پرواہونا

(C) ناک میں دوا ڈالنا (D) غرور کرنا

66. ''ایمان'' کی ضد کیا ہوگی ؟

(A) کافر (B) کفر

(C) کفّار (D) کفّارہ

67. عمل کی جمع کیا ہوگی ؟

(A) عملیات (B) اعمال

(C) معمول (D) عمّال

68. ''ہندو مسلمان ایک قوم ہیں'' کس کا خطبہ ہے ؟

(A) مرزا غالبؔ (B) شبلی نعمانی

(C) سرسید احمد خاں (D) ذکاء اللہ خاں

69. سرسید احمد خاں کہاں پیدا ہوئے ؟

(A) لکھنؤ (B) کانپور

(C) الہٰ آباد (D) دلّی

70. مرزا غالب کی شادی کس عمر میں ہوئی ؟

(A) 13 برس (B) 14 برس

(C) 15 برس (D) 16 برس

71. حالی کے علاوہ کس شاگرد نے غالب کا مرثیہ لکھا تھا ؟

(A) ہرگوپال تفتہ (B) علاء الدین خاں

(C) میر مہدی مجروح (D) میر انیس

72. "جیل سے والد کے نام خط" کے مکتوب نگار کون ہیں ؟

(A) غالبؔ (B) مولانا آزاد

(C) سر سید احمد خاں (D) اشفاق اللہ خاں

73. اشفاق اللہ خاں کو پھانسی کی سزا کیوں دی گئی ؟

(A) خزانہ لوٹنے کی وجہ کر (B) قتل کرنے کی وجہ کر

(C) لڑنے کی وجہ کر (D) غریب ہونے کی وجہ کر

74. اشفاق اللہ خاں کی پیدائش کہاں ہوئی ؟

(A) سہارنپور (B) لکھنؤ

(C) شاہ جہاں پور (D) فیض آباد

75. آئی-سی-ایس-افسر کس سواری سے معائنہ کے لئے نکلا تھا ؟

(A) ٹم ٹم سے (B) ہاتھی سے

(C) گھوڑے سے (D) سائیکل سے

76. افسانہ "روشنی" کے مطابق گڑھے میں کون گرا تھا ؟

(A) ایک عورت (B) ایک بوڑھا

(C) ایک بچہ (D) ایک مسافر

77. سید محمد محسن کی سب سے مشہور کہانی کون سی ہے ؟

(A) نفسیاتی جائزے (B) انوکھی مسکراہٹ

(C) لمحوں کا کارواں (D) زخموں کے پھول

78. جمنی کا باپ کیا کرتا تھا ؟

(A) مزدوری (B) گورکنی

(C) کاشتکاری (D) مجاوری

79. جمنی کس الزام میں جیل گئی ؟

(A) قتل (B) چوری

(C) مارپیٹ (D) غبن

80. طارق چھتاری کے پہلے افسانوی مجموعہ کا نام بتائیے۔

(A) نیم پلیٹ (B) گلوب

(C) باغ کا دروازہ (D) آن بان

81. طارق چھتاری کی پیدائش کہاں ہوئی ؟

(A) دہلی (B) لکھنؤ

(C) بہرائچ (D) ضلع بلند شہر چھتاری

82. ''باغ کا دروازہ'' کا کس ادبی صنف سے تعلق ہے ؟

(A) داستان (B) افسانہ

(C) قصیدہ (D) ناول



CLASS-XI

83. افسانہ ''خوشبو'' کا مرکزی کردار کون ہے ؟

(A) پپو (B) ڈبو

(C) ببلو (D) ڈبلو

84. ماں کے مرنے کے بعد پپو کو کس نے پالا پوسا ؟

(A) پھوپھی نے (B) بہن نے

(C) دادی نے (D) نانی نے

85. غزال ضیغم کی تصنیف ''خوشبو'' کا تعلق کس صنف سے ہے ؟

(A) ناول (B) افسانہ

(C) ڈراما (D) داستان

86. تکشی شیوشنکر پلے کی تصنیف ''سیلاب'' کا تعلق کس صنف سے ہے ؟

(A) ناول (B) افسانہ

(C) ڈراما (D) داستان

87. افسانہ ''سیلاب'' کے مصنف کون ہیں ؟

(A) پریم چند (B) سید محمد محسن

(C) تکشی شیوشنکر پلے (D) غزال ضیغم

88. سید حامد کس انجمن کے صدر رہے ؟

(A) ترقی اردو (B) ترقی ہندی

(C) ترقی انگلش (D) ترقی عربی

89. مضمون "شئے لطیف" کے مصنف کون ہیں ؟

(A) سر سید احمد خاں (B) سید حامد

(C) پریم چند (D) شبلی نعمانی

90. اردو کی پہلی خاتون ناول نگار کون ہیں ؟

(A) غزال ضیغم (B) ساجدہ زیدی

(C) رشیدۃ النساء (D) ترنم جہاں

91. شامل نصاب "اصلاح النساء" کس صنف میں ہے ؟

(A) خاکہ (B) ناول

(C) افسانہ (D) ڈراما

92. ناول "پانی" کے مطابق آبیا ژہ کا ذائقہ کیسا تھا ؟

(A) کھٹا (B) تیکھا

(C) ٹھنڈا اور میٹھا (D) تیتا

93. غضنفر کی پیدائش کہاں ہوئی ؟

(A) فاربس گنج (B) دربھنگہ

(C) گوپال گنج (D) مظفر پور

94. ڈراما "انارکلی" کے مطابق دل آرام کون تھی ؟

(A) رانی (B) نوکرانی

(C) کنیز (D) محبوب

95. فاتح ہند کی قسمت میں ایک کنیز سے شکست کھانا لکھا تھا۔ یہ بات کس نے کہی ؟

(A) اکبر نے (B) رانی نے

(C) انارکلی نے (D) سلیم نے

96. جلال کی ضد کیا ہوگی ؟

(A) جمال (B) جمیل

(C) جمالی (D) ان میں سے کوئی نہیں

97. شاعر اپنے اشعار میں اصلی نام کے علاوہ ایک مختصر نام استعمال کرتا ہے، اُسے کیا کہتے ہیں ؟

(A) مقطع (B) مطلع

(C) تخلص (D) عرف

98. "مرثیہ غالب" کس نے لکھا ؟

(A) حالؔی (B) میرؔ

(C) شادؔ (D) مومنؔ

99. ظفر گورکھپوری کا اصل نام کیا ہے ؟

(A) ظفرالدین (B) شمس الدین

(C) معراج الدین (D) قمرالدین

100. شادؔ کس شہر میں رہتے تھے ؟

(A) جہان آباد (B) عظیم آباد

(C) حیدرآباد (D) اورنگ آباد

## SECTION - B

1. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے : 1 × 8 = 8

(a) کالج کا پہلا دن

(b) صفائی کی اہمیت

(c) 26 جنوری

(d) پسندیدہ کھیل

(e) موسمِ گرما (گرمی کا موسم)

2. مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجئے : 2 × 2 = 4

(a) دوستی سے تجھے کچھ دوستوں کی کام نہیں
آنکھ میں تیری مروّت کا کہیں نام نہیں

(b) رہے گا جہاں میں مرا اس سے نام
کہ ہے یادگار جہاں یہ کلام

(c) یہ تنگ روح تو ہے جسم میں پہ دیکھو شادؔ
کب اس سرا سے یہ آزادہ جاں نکلتی ہے

(d) آہ سحر نے سوزشِ دل کو مٹا دیا
اس یاد نے ہمیں تو دیا سا بجھا دیا


CLASS-XI

3. اپنے پرنسپل کی خدمت میں ایک درخواست لکھئے جس میں اپنی بیماری کا ذکر کرتے ہوئے اسکول کی غیر حاضری معاف کرنے کی گذارش کیجئے۔ 1 × 5 = 5

یا

اپنی والدہ کو ایک خط لکھئے جس میں اپنی تعلیم وتربیت کا حال بیان کیجئے۔

4. درج ذیل سوالوں میں سے صرف پانچ کے مختصر جواب دیجئے : 5 × 2 = 10

(a) غالب نے اردو خطوط نویسی کیا 1857ء کے بعد شروع کی ؟

(b) مرزا غالب نے ثمر نورس کس کو کہا ہے ؟

(c) علی گڑھ میں قائم ہونے والے سرسید کے ادارے کا کیا نام تھا ؟

(d) دو انقلابیوں کے نام بتائیے جن سے اشفاق اللہ خاں کے تعلقات قائم ہوئے ؟

(e) افسر کس کی انسانیت سے متاثر ہوا ؟

(f) سید محمد محسن کے افسانوی مجموعے کا کیا نام ہے ؟

(g) شہزادی گلشن آرا کو شادی کے موقع پر اُس کے باپ نے کیا دیا ؟

(h) سیّد حامد کیا کبھی انجمن ترقی اردو کے صدر بھی ہوئے ؟

(i) ''آبیاژہ'' کیا تھا ؟ اس کا ذائقہ کیسا تھا ؟

(j) اردو کے پانچ اہم نقادوں کے نام لکھئے۔



CLASS-XI

5. مندرجہ ذیل میں سے کوئی تین سوالوں کے جواب دیجئے : $3 \times 5 = 15$

(a) ''باغ کا دروازہ'' میں افسانہ نگار نے کن کن ملکوں کے پھولوں کا تذکرہ کیا ہے ؟

(b) فن مثنوی سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

(c) ظفر گورکھپوری کی شاعرانہ حیثیت اور ادبی خدمات پر روشنی ڈالئے۔

(d) شاؔد عظیم آبادی کی حیات اور ان کی شاعرانہ عظمت بیان کیجئے۔

(e) مومؔن کی شاعرانہ عظمت پر ایک مضمون لکھئے۔

(f) صنفِ شاعری میں غزل کی کیا اہمیت ہے ؟ اس فن کے تعلق اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

6. درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے: $1 \times 4 = 4$

(a) روشنی

(b) باغ کا دروازہ

(c) اصلاح النساء

(d) انوکھی مسکراہٹ

7. درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے : $1 \times 4 = 4$

(a) جاوید کے نام

(b) پھول

(c) معرکہ جہیز و دین مہر

(d) مناظرۂ رحم و انصاف



CLASS-XI